(6 pages)

MAY 2022 **U/ID 33276/ULF1A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ پہلے درویش نے اپنی بربادی کے بعد کہاں کا رخ کیا؟

۲۔ مرزا غالب کو کونسا پھل زیادہ پسند تھا؟

۳۔ مضمون ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' کس نے لکھا؟

۴۔ زبیدہ کس کی بیٹی تھی؟

۵۔ سرسید کی کسی ایک مشہور تصنیف کا نام بتایئے؟

۶۔ نوفل نے حاتم کی گرفتاری پر کیا انعام مقرر کیا تھا؟

۷۔ مامون کے بھائی کا کیا نام تھا؟

۸۔ اڈیسن اور اسٹیل کون تھے؟

۹۔ پہلا گنہگار انسان سے سرسید کی مراد کون ہے؟

۱۰۔ نور جہاں کی ولادت کہاں ہوئی؟

۱۱۔ پطرس بخاری کے پڑوسی کا کیا نام تھا؟

۱۲۔ نواب محمود کے والد کا کیا نام تھا؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کی بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''جو مرد نکھٹو ہو کر گھر سیتا ہے۔ اس کو دنیا کے لوگ طعنہ مہنا دیتے ہیں''۔

۱۴۔ ''وہ اپنے دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔''

۱۵۔ ''پیٹھ دکھائے جاتے ہو۔ اسی طرح جلد اپنا منہ دکھائیو۔''

۱۶۔ ''بھئی جیسے تمہاری مرضی میں تو اب بھی یہی کہتا ہوں کہ قیمت وبیمت جانے دو، لیکن میں جانتا ہوں کہ تم نہ مانو گے۔''

۱۷۔ ''ایک رات کی جان جنگل میں پڑی روتی تھی۔ تھک جاتی تو ہاتھ چوسنے لگتی تھی مگر قسمت سرہانے کھڑی ہنستی تھی کہ جلدی نہ کر جس محل میں تجھے ملکہ بنا کر بٹھانا ہے، وہ ابھی تعمیر نہیں ہوا۔''

۱۸۔ ''اب جو کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔''

۱۹۔ ''بی لڑکی ہمارے کبوتر تو لئے رہو۔''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

جواب پانچ سوالفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ سرسید احمد خاں کے مضمون ''امید کی خوشی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۲۱۔ حاتم طائی کا قصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

۲۲۔ زبیدہ خاتون کے حالات زندگی اور کارناموں پر روشنی ڈالئے۔

۲۳۔ کالج کی فیس کی ادائیگی سے متعلق روپیہ طلب کرتے ہوئے اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے۔

۲۴۔ کتابوں کا آرڈر دیتے ہوئے کتب فروش کے نام ایک خط تحریر کیجئے۔
